I. **Invitation to Bidders**
Auction Notice No. PLDDB/Feb-0133/2026

Auction Notice

Sugarcane Standing Crop Auction at LES-Farm

پنجاب لائیواسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ (پی ایل ڈی ڈی بی) کے پاس خضر آباد، سرگودھا میں کماد کی کھڑی فصل تقریباً 10 ایکڑ موجود ہے۔ ادارہ درج ذیل شیڈول کے مطابق نیلام عام کرے گا۔ نیلامی میں درج ذیل شرائط وضوابط کے مطابق حصہ لیا جاسکے گا۔

نیلامی کی تفصیل

کماد کی نیلامی بروز بدھ، 18 فروری 2026 ، دن 12 بجے تجرباتی فارم، خضر آباد، سرگودھا میں ہو گی۔

مختلف شعبہ سے وابستہ افراد و ٹھیکیدار حضرات نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شرائط وضوابط

بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے سے قبل 200,000 روپے بطور زرِ ضمانت (قابل واپسی) جمع کروانا ہو گی۔

بولی سے قبل کماد کی کھڑی فصل کا معائنہ فارم (چک نمبر 60 شمالی) لائیوسٹاک ایکسپیریمنٹ اسٹیشن، خضر آباد، سرگودھا) پر کیا جاسکتا ہے۔ بعد ازاں ادارہ کسی قسم کا عذر قبول نہیں کرے گا۔

فصل جیسے ہے، جہاں ہے کی بنیاد پر نیلام کی جائے گی۔" ۔

تمام ٹیکسز بشمول انکم ٹیکس / سیلز ٹیکس گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق نافذ العمل ہو گا جو بولی دہندہ ادا کرے گا۔

کامیاب بولی دہندہ بولی کی کل قیمت کا ایک 1/4 حصہ (ناقابل واپسی) موقع پر جمع کروائے گا اور بقایا رقم 15 دن کے اندر اندر جمع کروانی ہو گی، بصورتِ دیگر زرِ ضمانت ضبط کر لی جائے گی اور متعلقہ نیلامی منسوخ کر دی جائے گی۔

بولی کے دوران تمام معاملات کا حتمی فیصلہ کمیٹی ہو گا جسے بولی دہندہ کو قبول کرنا ہو گا۔

کماد کی کھڑی فصل کی قابل قبول قیمت نہ لگنے یا بولی کے منسوخ ہونے یا کسی بھی اختلافات رائے کی صورت میں جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایل ڈی ڈی بی کا فیصلہ حتمی ہو گا جسکے خلاف کوئی بھی قانونی چارجوئی نہ کی جاسکے گی۔

بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے کے لیے نیلامی سے قبل ایک اسٹامپ پیپر جمع کروانا ہو گا، جس پر یہ تحریر ہو کہ وہ کسی سرکاری، غیر سرکاری یا نیم سرکاری ادارے کی بلیک لسٹ میں شامل نہیں ہے۔ اگر بعد میں یہ بات سامنے آئی تو ادارہ متعلقہ بولی دہندہ کو فوراً ڈسکوالیفائی کر دے گا۔

"بولی میں شرکت کے لیے ایکٹیو ٹیکس پیئر ہونا لازم ہو گا۔"

دوسری بولی 25 فروری 2026 اور تیسری بولی 04 مارچ 2026 بروز بدھ، دن 12 بجے تجرباتی فارم، خضر آباد، سرگودھا میں ہو گی۔

مزید معلومات کے لیے درج ذیل نمبروں پر دفتری اوقات میں رابطہ کریں:

📞 0301-6226307

📞 0321-8480625

پی ایل ڈی ڈی بی

(پی ایل ڈی ڈی بی)

پنجاب لائیواسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ

شاہ پور روڈ، لاہور-18

Phone: 042-99333706